CHILDREN'S BOOK TRUST • NEW DELHI •

شیر اور خرگوش

شیر اور خرگوش

مصنّف : شنکر
مصوّر : چترک

چلڈرن بک ٹرسٹ   قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان   بچوں کا ادبی ٹرسٹ



ایک جنگل میں بہت بڑا شیر رہتا تھا۔ وہ اتنا بڑا تھا
کہ ہر روز کئی جانوروں کو مار دیتا تھا۔
سبھی جانور اس سے ڈرتے تھے۔ ایک دن وہ سب
اکٹھے ہوئے۔ انھوں نے شیر سے ملنے کا فیصلہ کیا۔
جب وہ اس کے پاس گئے تو شیر نے گرج کر پوچھا
"کہو کیا بات ہے؟"

" مہاراج! ہم آپ کی معمولی رعایا ہیں۔" لومڑی نے کہا۔
"آپ روزانہ اتنے زیادہ جانوروں کو مار رہے ہیں کہ انھیں آپ کھا بھی نہیں سکتے۔ اس طرح تو وہ دن دور نہیں جب جنگل میں کوئی جانور نہیں بچے گا اور آپ کو فاقہ کرنا پڑے گا۔ اس لیے ہماری ایک تجویز ہے۔ ہم آپ کے کھانے کے لیے روزانہ ایک جانور آپ کے پاس بھیج دیا کریں گے۔"







VERIFIED 2021

”یہ ٹھیک ہے“ شیر گرجا۔” لیکن تم نے مجھے کھانا پہنچانے میں اگر ایک دن بھی ناغہ کیا تو پھر میں جتنے چاہوں اتنے جانوروں کو مار دیا کروں گا۔“

” ہمیں منظور ہے مہاراج “ جانوروں نے کہا۔

اس دن سے روزانہ ایک جانور شیر کے پاس بھیجا جانے لگا جب خرگوش کی باری آئی تو ایک بوڑھے خرگوش کو جانے کے لیے کہا گیا۔

وہ ایک چالاک خرگوش تھا۔ وہ آہستہ آہستہ چلنے لگا بلکہ راستے میں کچھ دیر رُک کر دم بھی لیتا رہا۔ لیکن شیر کے سامنے وہ دوڑتا ہوا پہنچا۔



شیر کو اس قدر بھوک لگ رہی تھی کہ وہ گرجا "تم دیر سے آئے ہو۔ تم میرے کھانے کی مقدار سے کم بھی ہو۔ تمھیں کس نے بھیجا ہے ؟ "

خرگوش نے اپنا سر جھکاتے ہوئے کہا " مہاراج ! میری عرض سنیے۔ آپ کے پاس ہم چھ خرگوش آرہے تھے۔ راستے میں ایک دوسرا شیر پانچ خرگوشوں کو مار کر کھا گیا۔"



" دوسرا شیر ؟ وہ کہاں ہے ؟"
" وہ زیادہ دور نہیں ہے مہاراج ۔ وہ تو مجھے بھی مار کر کھانے والا تھا ۔ لیکن میں کسی طرح بچ کر یہاں آگیا ہوں ۔"

شیر کو اتنا طیش آیا کہ وہ بار بار گرجا " مجھے دکھاؤ کہ وہ کہاں ہے ؟ میں اسے مار ڈالوں گا ۔"

" مہاراج ! وہ اُس طرف ہے ۔" خرگوش نے کہا " میں آپ کو اُس کے پاس لے چلتا ہوں ۔"



خرگوش شیر کو جنگل کے ایک کنوئیں پر لے گیا اور بولا
"میرے آقا! وہ اس کے اندر رہتا ہے۔"





شیر نے کنوئیں میں جھانک کر دیکھا۔ پانی میں اسے اپنا عکس نظر آیا۔ اس نے سوچا کہ یہ دوسرا شیر ہے۔ یہ دیکھ کر وہ غصّے میں گرجا۔ کنوئیں کے اندر سے اس سے بھی اونچی دھاڑنے کی آواز آئی۔ یہ کنوئیں کی گونج تھی لیکن شیر کو اس کا علم نہیں تھا۔ غصّے میں وہ کنوئیں میں کود پڑا اور ڈوب گیا۔

خرگوش خوشی خوشی اپنے گھر لوٹ گیا۔

VERIFIED 202?

انگریزی ایڈیشن : 1981
اُردو ایڈیشن : 2011, 1990, 1985
تعدادِ اشاعت : 1000
© چلڈرن بک ٹرسٹ، نئی دہلی۔
قیمت : 20.00 روپے

The Urdu edition is published by the National Council for Promotion of Urdu Language, M/o Human Resource Development, Department of Higher Education, FC-33/9, Farogh-e-Urdu Bhawan, Institutional Area, Jasola, New Delhi-110025, by special arrangement with Children's Book Trust, New Delhi and printed at Indraprastha Press (CBT), New Delhi.
Sale Section: National Council for Promotion of Urdu Language, West Block-8, R.K. Puram, New Delhi-110066